# شہزادہ شہزادہ میرا قاسمؑ شہزادہ

اللہ کا دین بچانے آیا ہے رن میں نبھانے بابا کا وعدہ

ہے اِس کی جوانی شبیرؑ کی جوانی
پتھر کے کلیجے ہوجائیں گے پانی
اللہ کا دین بچانے آیا ہے رن میں نبھانے بابا کا وعدہ

ہے اِس کی رگوں میں خونِ ابوطالبؑ
یہ شیر رہے گا ہر ایک پہ غالب
اللہ کا دین بچانے آیا ہے رن میں نبھانے بابا کا وعدہ

پوتا ہے علیؑ کا بیٹا ہے حسنؑ کا
اور خاکِ شفا ہے نام اِس کے کفن کا
اللہ کا دین بچانے آیا ہے رن میں نبھانے بابا کا وعدہ

رنگین بنا دی تصویر وفا کی
ہاتھوں پہ لگا کر خود خون کی مہندی
اللہ کا دین بچانے آیا ہے رن میں نبھانے بابا کا وعدہ

یوں دشتِ بلا میں برپا ہوئی شادی
دولھا بھی پیاسا ، بارات بھی پیاسی
اللہ کا دین بچانے آیا ہے رن میں نبھانے بابا کا وعدہ

413 بنا رات کو دولھا ، گیا صبح کو مارا
حسنینؑ کا پیارا فروا کا دُلارا
اللہ کا دین بچانے آیا ہے رن میں نبھانے بابا کا وعدہ

جاں دے کر گوہرِ اسلام بچایا
بیٹے نے حسنؑ کے وعدے کو نبھایا
اللہ کا دین بچانے آیا ہے رن میں نبھانے بابا کا وعدہ